ایف بی آئی کو مطلوب

وائرفراڈ کا جرم کرنے کی سازش، ناجائز ذرائع سے کمپیوٹروں تک رسائی حاصل کرنے کی سازش، وائرفراڈ، ناجائز ذرائع سے کمپیوٹروں تک رسائی، شناختی معلومات کی چوری

نورعزیزالدین

شناخت کے نام: نورعزیز، نورعزیز عزیزالدین، عزیزالدین

کوائف

مبینہ تاریخ پیدائش: 2 جنوری 1963

بال: گہرے بھورے

جائے پیدائش: کراچی، پاکستان

آنکھیں: گہری بھوری

قد: 5' 10"

صنف: مرد

وزن: 170 پاؤنڈ

نسل: سفید (مشرق وسطیٰ)

این سی آئی سی: W405584444

قومیت: پاکستانی

پیشہ: نورعزیزالدین ٹیلی کمیونی کیشن، شپنگ اور ریسٹورنٹ انڈسٹری میں ایک بزنس مین کے طور پر کام کر چکا ہے۔

توضیح: نورعزیزالدین آخری اطلاعات کے مطابق سعودی عرب میں تھا لیکن ہوسکتا ہے کہ وہ متحدہ عرب امارات، اٹلی، ملائشیا اور/یا پاکستان چلا گیا ہو۔ وہ اردو اور انگریزی بولتا ہے۔

ہوشیار

نورعزیزالدین انٹرنیشنل ٹیلی کمیونی کیشن کی فراڈ سکیم میں مبینہ طور پر ملوث ہونے کی وجہ سے مطلوب ہے۔ اس نے کئی انجان افراد، کمپنیوں اور سرکاری اداروں سے فراڈ کیا، جس میں امریکہ اور غیر ممالک کی بڑی بڑی ٹیلی کام کمپنیاں شامل ہیں۔ نومبر 2008 سے اپریل 2012 تک نورعزیزالدین نے مبینہ طور پر کمپیوٹر سسٹم تک ناجائز ذرائع سے رسائی حاصل کی اور فراڈ سکیم چلائی جس کے نتیجے میں اس نے لوگوں سے 50 ملین سے زائد ڈالر ہتھیا لیے۔ اس انٹرنیشنل فراڈ سکیم میں دوسرے ممالک کے علاوہ پاکستان، فلپائن، سعودی عرب، سوئزرلینڈ، سپین، سنگاپور، اٹلی اور ملائشیا کی مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث تنظیموں کے ارکان شامل ہیں۔

وائرفراڈ کا جرم کرنے کی سازش، ناجائز ذرائع سے کمپیوٹروں تک رسائی حاصل کرنے کی سازش، وائرفراڈ، ناجائز ذرائع سے کمپیوٹروں تک رسائی، شناختی معلومات کی چوری کے جرائم کی فرد جرم عائد ہونے کے بعد، 29 جون 2012 کو نورعزیزالدین کی گرفتاری کے لیے یو ایس ڈسٹرکٹ کورٹ، ڈسٹرکٹ آف نیوجرسی، نیوآرک، نیوجرسی سے ایک وفاقی وارنٹ جاری ہو چکا ہے۔

انعام

ایف بی آئی نے ایسی معلومات کے عوض 50,000 ڈالر تک انعام دینے کی پیش کش کی ہے جن کی بدولت نورعزیزالدین کو گرفتار کیا جا سکے۔

اس شخص کے بارے میں اگر آپ کے پاس کوئی بھی معلومات ہو تو براہ مہربانی اپنے مقامی ایف بی آئی دفتر یا قریبی امریکی سفارتخانے یا قونصلیٹ سے رابطہ کریں۔